سوال

(09)ایک شخص سنت پڑھ رہا ہے۔اور فرض نماز کھڑی ہوگئی الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلے میں کہ ایک شخص سنت پڑھ رہا ہے۔اور فرض نماز کھڑی ہوگئی۔اس کا ارادہ چار رکعت کرنے کا ہے۔ابھی پہلی رکعت میں ہی دو رکعت کے بعد سلام پھیرے یا چار کے بعد مع حوالہ کتب جواب مرحمت کریں۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بعد اقامت اس کو فوراً سنت ترک کر دینی چاہیے۔اس امر پر یہ حدیث دلیل ہے۔فرمایا رسول اللہ ﷺ نے جب قائم کی جائے نماز(اقامت) کوئی نماز(درست) نہین مگر فرض سنت ترک کر کے فرض میں شامل ہوجائے۔فجر کی سنت ہویا اور کوئی بعد اقامت سنت پڑھنے والا مجرم ہے۔(مولانا احمد اللہ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 11 ص 92

محدث فتویٰ